رہبر معظم کا آیت اللہ شبیری کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 29 /Feb/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے علیحدہ علیحدہ پیغامات میں آیت اللہ شبیری زنجانی کو ان کی ہمشیرہ اور جناب ڈاکٹر میر محمدی کو ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغامات کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت آیت اللہ آقائ شبیری زنجانی دامت برکاتہ

آپ کی محترمہ ہمشیرہ کے انتقال پر آپ کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحومہ کے لئے رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب آقائ ڈاکٹر میر محمدی

آپ کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر آپ کو تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحومہ کے لئے رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای